# What do I need to know if I want to appeal a suspension or expulsion?

Parent/carer information

# اگر میں سکول سے معطّلی یا اخراج پر اپیل کرنا چاہوں تو مجھے کیا علم ہونا ضروری ہے؟

## والدین/کیئررز کے لیے معلومات

### اپیل سے کیا مراد ہے؟

اپیل کا مطلب یہ ہے کہ آپ کسی فیصلے پر دوبارہ غور کی درخواست کریں۔ اپیل اس لیے کی جاتی ہے کہ آپ کیے گئے فیصلے سے خوش نہیں ہیں۔

### میں معطّلی یا اخراج پر کیسے اپیل کروں؟

آپ اس صورت میں معطّلی یا اخراج پر اپیل کر سکتے ہیں کہ آپ کے خیال میں پرنسپل نے غیر منصفانہ فیصلہ کیا ہو یا پالیسی اور طریق کار پر درست عمل نہ کیا ہو۔ طالبعلم، والدین اور کیئررز اپیل فارم مکمل کر سکتے ہیں۔

مقامی ایجوکیشن آفس کو اپیلیں دی جا سکتی ہیں۔ مقامی ایجوکیشن آفس آپ کو یہ کارروائی سمجھنے میں مدد دے سکتا ہے۔ وہ آپ کو اپیل لکھنے کے لیے بھی مدد دے سکتا ہے۔ آپ کے بچے کا سکول آپ کے مقامی ایجوکیشن آفس کی رابطہ تفصیلات فراہم کر سکتا ہے۔

اپیل پر ڈائریکٹر ایجوکیشنل لیڈرشپ یا ایگزیکٹیو ڈائریکٹر سکول پرفارمنس فیصلہ کریں گے اور اس پر کارروائی ہونے میں 15 سے 20 تعلیمی دن لگیں گے۔ جب اپیل جمع ہو جائےگی اور فیصلہ کیا جائے گا تو آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔ اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو آپ اپنے مقامی ایجوکیشن آفس سے رابطہ کر سکتے ہیں جہاں اپیل جمع کروائی گئی تھی۔

### معطّلی پر اپیل کا نتیجہ

اگر معطّلی پر اپیل کامیاب ہو جائے اور فیصلہ ساز آپ کی درخواست سے اتفاق کرے تو پرنسپل یہ یقینی بنانے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا کہ آپ کا بچہ جلد از جلد سکول واپس آئے۔ اپیل کا فیصلہ آپ کے بچے کے ریکارڈ میں درج کر دیا جائے گا اور معطّلی کو آپ کے بچے کے ریکارڈ سے خارج کر دیا جائے گا۔

اگر معطّلی پر اپیل کامیاب نہ رہے اور فیصلہ ساز آپ کی درخواست سے اتفاق نہ کرے تو آپ کا بچہ مقررہ تاریخ تک معطّل رہے گا۔

### اخراج پر اپیل کا نتیجہ

اگر اخراج پر اپیل کامیاب رہے اور فیصلہ ساز آپ کی درخواست سے اتفاق کرے تو پرنسپل کو آپ کے ساتھ کام کرنا ہو گا تاکہ اگر حفاظت کے حوالے سے کوئی سنگین تشویش ہو تو اسے دور کیا جائے اور امدادی اقدامات کیے جائیں تاکہ آپ کا بچہ سکول میں واپس آ سکے۔ اپیل کا فیصلہ آپ کے بچے کے ریکارڈ میں درج کر دیا جائے گا اور اخراج کو آپ کے بچے کے ریکارڈ سے نکال دیا جائے گا۔

اگر اخراج پر اپیل کامیاب نہ رہے اور فیصلہ ساز آپ کی درخواست سے اتفاق نہ کرے تو آپ کے بچے کو کئی دوسرے راستے دستیاب ہو سکتے ہیں۔ پرنسپل آپ کے بچے کی ضروریات کے مطابق کسی زیادہ مناسب ماحول کا بندوبست کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرے گا۔

اگر اخراج پر اپیل کامیاب نہ رہے اور آپ کے بچے کی عمر 17 سال یا اس سے زیادہ ہو تو آپ اور آپ کے بچے کو تعلیم جاری رکھنے یا کام شروع کرنے کے مواقع تلاش کرنے چاہئیں۔

### مجھے سکول سے کونسی معلومات مل سکتی ہیں؟

آپ سکول سے اس بارے میں مزید معلومات مانگ سکتے ہیں کہ کیا ہوا ہے اور کیوں ہوا ہے۔ سکول کو چاہیے کہ آپ کو اپنے فیصلوں کی وجہ بتائے اور یہ بتائے کہ کونسے ایکشن لیے جائیں گے اور اگر آپ کو کوئی مسئلہ ہو تو آپ کیا کر سکتے ہیں۔

### شکایت کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

والدین کے لیے اپنے بچے کے لیے آواز اٹھانے کے متعلق معلومات دستیاب ہیں۔ اگر آپ کو پھر بھی معطّلی یا اخراج پر اپیل کے حوالے سے تشویش ہو تو شکایت کرنے کے متعلق معلومات بھی دستیاب ہیں۔

سکولوں کے ساتھ بات چیت کے متعلق معلومات سکول کمیونٹی چارٹر. میں دی گئی ہیں۔

### ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ سکول سے رابطہ کرنا چاہتے ہوں اور آپ کو انگلش زبان کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں، انہیں اپنی مطلوبہ زبان بتائیں اور آپریٹر سے سکول کو فون کرنے کے لیے کہیں۔ آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔